دوسرا سمسٹر II Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	مئی 2018

پرچہ : تدریسیات اردو

Paper : BBED221DST : Pedagogy of School Subject (MOT-II) Part-II (Urdu)

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) درج ذیل میں سے کون سا تدریسی عمل کا ستون نہیں ہے؟

(A) تدریسی طریقہ (B) اساتذہ (C) طالب علم (D) مواد مضمون

(ii) ہندوستانی آئین کے مطابق اردو کو کس شیڈیول میں جگہ دی گئی ہے؟

(A) شیڈیول آٹھ (B) شیڈیول پانچ (C) شیڈیول سات (D) کسی شیڈیول میں نہیں

(iii) طلباء درس و تدریس کے کون سے طریقہ تدریس میں غیر متحرک رہتے ہیں؟

(A) پروجیکٹ طریقہ میں (B) تحقیقاتی طریقہ میں (C) لکچر طریقہ میں (D) بحث و مباحثہ میں۔

(iv) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا قیام کون سی سن عیسوی میں عمل میں آیا؟

(A) 1997ء (B) 1998ء (C) 2005 ء (D) کوئی نہیں۔

(v) 'دارالترجمہ' کس یونیورسٹی میں قائم ہوا؟

(A) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (B) عثمانیہ یونیورسٹی (C) جامعہ ملیہ اسلامیہ (D) لکھنؤ یونیورسٹی

(vi) اردو زبان کی بنیادی مہارتوں میں شامل نہیں ہے؟

(A) سماعت کرنا (B) مطالعہ کرنا (C) مواد پیش کرنا (D) تحریر کرنا

P.T.O.

(vii) ''فلسفہ ہمارے دائیں ہاتھ میں ہوگا، نیچرل سائنس ہمارے بائیں ہاتھ میں اور کلمہ لا الہ اللہ کا تاج ہمارے سر پر'' کس کا قول ہے؟

(A) سر سید احمد خاں (B) حالی (C) شبلی نعمانی (D) مولوی عبدالحق

(viii) NCPUL ''قومی کاؤنسل برائے فروغ اردو زبان'' کہاں پر واقع ہے؟

(A) کلکتہ (B) دہلی (C) ممبئی (D) لکھنؤ

(ix) ''غبار خاطر'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(A) علامہ اقبال (B) صفیہ اختر (C) سجاد ظہیر (D) مولانا ابوالکلام آزاد

(x) منصوبہ سبق کے درج ذیل مراحل کو ترتیب وار طریقہ سے لگایئے؟

(A) (a) اعادہ کرنا (b) مقاصد کا تعین (c) مواد کی پیشکش (d) اعلان سبق (e) سابقہ معلومات کو جدید معلومات سے جوڑنا

(B) (a) مواد کی پیشکش (b) اعلان سبق (c) سابقہ معلومات کو جدید معلومات سے جوڑنا (d) اعادہ کرنا (e) مقاصد کا تعین

(C) (a) سابقہ معلومات کو جدید معلومات سے جوڑنا (b) مقاصد کا تعین (c) مواد کی پیشکش (d) اعلان سبق (e) اعادہ کرنا

(D) (a) مقاصد کا تعین (b) سابقہ معلومات کو جدید معلومات سے جوڑنا (c) اعلان سبق (d) مواد کی پیشکش (e) اعادہ کرنا

حصہ دوم

2. ثانوی سطح پر اردو کی تدریس سے طلباء کے اندر ترسیلی مہارتوں کو کس طرح فروغ دیا جا سکتا ہے واضح کریں؟

3. اردو معلم کی تعلیمی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بیان کریں؟

4. اردو نثر کی تدریس کے مختلف تدریسی مراحل کو بیان کیجیے؟

5. درج ذیل میں کنہیں دو پر مختصر نوٹ لکھیے؟

(i) مرزا غالب اکیڈمی (ii) دارالترجمہ (iii) قومی کاؤنسل برائے فروغ اردو زبان

6. سالانہ منصوبہ بندی (Year Plan) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کو بنانے میں کن مرحلوں کو طے کرنا ہوتا ہے، واضح کیجیے؟

7. اردو نصاب کی تدوین کے مختلف اصولوں کو بیان کیجیے؟

8. ایک معیاری اردو کی درسی کتب کی ظاہری و باطنی خصوصیات کو بیان کیجیے؟

9. اردو میں تعین قدر کرنے کے لیے تشکیلی جائزہ کا رول واضح کریں؟

حصہ سوم

10. اسکولی تحصیلی جانچ (SAT) کی تیاری اور مختلف اجزاء (Components) کو پیش کیجیے؟

11. ثانوی سطح پر اردو زبان کے فروغ میں معاون ہم نصابی سرگرمیوں کے انعقاد پر تفصیل سے روشنی ڈالیے؟

12. اردو نظم کے درس میں آپ کون سے سمعی (Audio) و بصری (Visual) آلات کا استعمال کریں گے اور کیوں؟ کنہیں دو کو مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے؟

13. منصوبہ سبق میں اردو نظم کے مختلف مراحل بیان کرتے ہوئے ان کی اہمیت و افادیت کو پیش کیجیے؟

14. ثانوی سطح پر اردو نصاب کی تدوین کے اصول، مختلف بنیادیں اور معیار پر بحث کیجیے؟

☆☆☆